# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:1 | سبق کا نام: قومی شناخت | |

**مقاصد:** متن کو درست تلفظ، روانی سے پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، گتے کا ڈبا، جس پر رنگ دار کاغذ چڑھا کر لکھا ہو "لفظی جیب"، ٹوکری، سبق "قومی شناخت" میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں، چار پرچیاں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں

## تحریکی سرگرمی: (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کی ذہنی آمادگی کے لیے بورڈ پر پاکستان کے قومی نشانات کے بارے میں ایک خاکہ بنائیں۔ جیسے:

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| اردو | مارخور | شلوار قمیص | چکور | چنبیلی | ہاکی |

- بچوں سے کہیں کہ اس خاکے کو غور سے دیکھیں۔ اس میں لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور سوچ کر بتائیں کہ یہ کس کے بارے میں ہیں؟ جو بچہ سب سے پہلے ہاتھ کھڑا کرے، اسے بتانے کا موقع دیں۔
- درست جواب پر اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور غلط پر بھی اس کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے پھر کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اب بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک قومی نشان تفویض کر دیں اور ہر گروہ کو اس قومی نشان کے بارے میں ایک ایک جملہ بولنے کے لیے کہیں۔ بچوں کے جوابات کی حوصلہ افزائی کریں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم اپنے پیارے وطن پاکستان کے قومی نشانات کے بارے میں ایک سبق پڑھیں گے۔
- سبق کے آغاز سے پہلے ایک سرگرمی کریں۔
- کسی خالی ڈبّے پر رنگ دار کاغذ لپیٹ کر ایک ڈبا تیار کریں۔ اس پر لکھ دیں "لفظی جیب"۔ سبق "قومی شناخت" میں دیے گئے اہم الفاظ کی پرچیاں تیار کر لیں، جہاں ضروری ہو اعراب کا خاص خیال رکھیں اور وہ پرچیاں اس ڈبے میں ڈال دیں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا کر وہ لفظی جیب باری باری ان کے سامنے لے جائیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ اس میں سے ایک ایک پرچی اٹھالیں۔

- بچوں سے کہیں کہ وہ پرچیاں کھولیں اور ان پر لکھے ہوئے الفاظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھیں۔ جو بچہ درست تلفظ کے ساتھ لفظ پڑھے، اس کے لیے تالیاں بجوائیں۔ بعد ازاں وہ الفاظ بورڈ پر لکھ کر باآواز بلند پڑھائیں۔ اس کے بعد بچوں سے پرچیاں لے کر لفظی جیب میں ڈال کر اسے دیوار پر چسپاں کرکے لفظی دیوار بنادیں۔
- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 44 کھلوائیں۔ بچوں سے باری باری اس پر بنی ہوئی تصویر کے بارے میں مختلف سوالات کریں۔ جیسے:
- اس صفحے پر بنی ہوئی تصویر میں بچے کیا کر رہے ہیں؟ وغیرہ
- بچوں کے چار گروہ بنادیں۔
- اب چار پرچیاں بند کرکے ایک ٹوکری میں ڈالیں، جن پر 1 تا 4 نمبر لکھے ہوں۔ وہ ٹوکری باری باری گروہوں کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی ایک پرچی اٹھانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ کے پاس جس نمبر کی پرچی آئے گی، وہ گروہ سبق کے اسی پیراگراف یا جملوں کی بلند خوانی کرے گا۔
- سبق کو چار حصوں میں تقسیم کریں۔
- بچوں سے باری باری تفویض کردہ پیراگراف یا جملوں کی باآواز بلند خواندگی کروائیں۔ جہاں بچوں کو کوئی لفظ پڑھنے میں دقّت پیش آرہی ہو تو اس کی اساتذہ رہنمائی کریں۔ علاوہ ازیں پڑھنے کے دوران میں جن الفاظ کا بچے غلط تلفظ ادا کریں، وہ بورڈ پر لکھتے جائیں اور جب بچہ پیراگراف پڑھ لے تو اس کی اصلاح کریں۔ کیونکہ دورانِ پڑھائی کی جانے والی غلطیوں پر بچوں کو ٹوکا نہ جائے۔ اس سے بچے خود اعتمادی کھو دیتے ہیں اور جماعت کی سرگرمیوں میں حصہ لینے پر جھجک محسوس کرتے ہیں۔
- مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں کو ان کا درست تلفظ اور مفہوم بتائیں۔ ساتھ ساتھ بچوں کو قومی شناخت کے مفہوم اور اہمیت کے بارے میں بھی بتاتے جائیں۔
- اب بچوں کے دو گروہ بنادیں۔ ایک گروہ مشکل لفظ بولے۔ دوسرا گروہ اس لفظ کا معانی بتائے اور سبق کے جس پیراگراف میں وہ لفظ آیا ہو، اس کی بھی بلند خوانی کرے۔ اسی دوسرا گروہ مشکل لفظ بولے۔ پہلا گروہ اس کا مطلب بتائے اور اور سبق کے جس پیراگراف میں وہ لفظ آیا ہو، اس کی بھی بلند خوانی کرے۔ جو گروہ درست طور پر یہ سرگرمی کرے گا، وہ جیت جائے گا۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) سبق کے مختلف حصوں کی مختلف بچوں سے بلند خوانی کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** سبق دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:2 | سبق کا نام: قومی شناخت | |

**مقاصد:** الفاظ کے معانی لکھ سکیں۔
سوالات کے جوابات لکھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، کتاب "اردو چہارم"، چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں، آئس کریم اسٹکیں

**تحریکی سرگرمی:** (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- سبق "قومی شناخت" میں سے کوئی سے چار مشکل الفاظ چن کر چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیوں پر لکھیں اور انھیں ایک ٹوکری میں ڈال لیں۔
- بچوں کے دو گروہ بنا دیں۔ ایک گروہ میں سے کسی بچے کو بلائیں اور اسے آنکھیں بند کر کے ٹوکری میں سے ایک مچھلی اٹھانے اور اُس پر لکھا ہوا لفظ درست تلفظ کے ساتھ پڑھنے کے لیے کہیں۔
- جب وہ بچہ لفظ کا درست تلفظ ادا کرے تو **"جواب بتاؤ، انعام پاؤ"** کی تکنیک استعمال کریں۔ اس تکنیک میں مچھلی اُٹھانے والے بچے سے اس لفظ کا جملہ بنانے کے لیے کہیں۔
- اگر وہ اس لفظ کا جملہ نہ بنا پائے تو جماعت میں سے کسی اور بچے کا نام لے کر اسے جملہ بنانے کے لیے کہیں۔ یہ تکنیک محض تدریس کو دل چسپ بنانے کے لیے ہے۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم کچھ نئے الفاظ اور ان کے معانی سیکھیں گے۔
- اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ اب الفاظ والے کالم میں کتاب کے صفحہ نمبر 45 پر دیے ہوئے الفاظ میں سے ایک لفظ "علامت" لکھیں اور بچوں سے اس کا درست تلفظ پوچھیں۔ اسی طرح یہ مشق الفاظ "ممتاز، خصوصیات، منفرد، بسر کرنا، اصول، معلومات، مفید" پر کروائیں، ساتھ ساتھ بچوں سے ان کا تلفظ پوچھیں، نہ آنے کی صورت میں ان کی اصلاح کریں۔
- اب کوئی لفظ بولیں اور بچوں سے پوچھیں کہ کس بچے کو اس لفظ کا مطلب معلوم ہے کیونکہ بچے ان الفاظ کے معنی کر چکے ہیں۔؟ جو بچہ بتائے، اس کے لیے تالیاں بجوا کر حوصلہ افزائی کریں اور معانی والے کالم میں اس لفظ کے سامنے اس کا معانی لکھ دیں۔

- اب بچوں کے چار بنا دیں۔ آٹھ آئس کریم اسٹکیں لیں جن پر ایک طرف کتاب کے صفحہ نمبر 45 پر دیے گئے الفاظ لکھے ہوں۔ ایک اسٹک پر ایک لفظ لکھا ہو۔ یہ اسٹکیں ایک ٹوکری میں رکھ کر باری باری ہر گروہ یا جوڑی کے سامنے لے جائیں اور انھیں اس میں سے کوئی سی بھی دو اسٹک اٹھانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس جو اسٹک آئی ہے، اس پر لکھے ہوئے الفاظ پڑھیں اور ان کے سامنے ان کا معانی لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد ہر گروہ یا جوڑی سے باری باری ان کے لکھے ہوئے معانی اور پڑھ کر سنانے کے لیے کہیں۔ جس گروہ نے درست معانی لکھے ہوں گے، انھیں شاباش دیں۔
- اب بچوں کے پانچ گروہ بنا دیں اور ہر گروہ کا ایک ایک لیڈر بھی نامزد کر دیں۔
- انھیں Mystery bags دیں، جن میں پانچ غبارے ہوں جن پر تفہیم کے سوال نمبر 1 میں دیے گئے سوالات لکھے ہوں، ساتھ پانچ چارٹ کی بنی ہوئی مچھلیاں جن میں جملے لکھنے کی جگہ ہو اور ساتھ دھاگے ڈال کر دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ Mystery bag کھولیں، اس میں سے غبارہ نکال کر اس میں ہوا بھر کر اس کے منہ پر دھاگا باندھیں، پھر اس پر لکھا ہوا سوال پڑھیں اور اس کا جواب سوچ کر دی گئی مچھلی پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں چند سیکنڈ کا وقت دیں۔ جس گروہ کا غبارہ پھٹ جائے گا، وہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے گا۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ کے لیڈر کو مچھلی سمیت بلائیں۔
- اس سے کہیں کہ وہ بچوں کو بتائے کہ اس کے گروہ کے پاس کون سا سوال آیا تھا، پھر مچھلی بورڈ پر چسپاں کر کے اپنے گروہ کا لکھا ہوا اس سوال کا جواب پڑھ کر بتائے۔
- درست جواب دینے پر اس گروہ کو پانچ نمبر مل جائیں گے اور غلط جواب کی صورت میں وہ گروہ اس مقابلے سے باہر ہو جائے۔ اس طرح یہ سرگرمی دوسرے گروہ کے لیڈر سے بھی کروائیں۔ جو گروہ یہ کام بہتر طور پر کرے گا، وہ یہ مقابلہ جیت جائے گا۔
- سوال 3 کے تحت دیے ہوئے جملوں کی 7 پرچیاں بنائیں۔ سات کارڈ لیں، جن پر چار ممکنہ جوابات لکھے ہوں، جن میں سے تین غیر متعلقہ اور ایک جواب درست ہو۔ ایک جملے کے دو کارڈ اس حساب سے کل 28 کارڈ بنائیں۔ یہ کارڈ اور جملوں کی پرچیاں پلاسٹک کی تھیلیوں میں اس طرح سے ڈال دیں کہ ایک تھیلی میں ایک جملے اور اس سے متعلقہ ممکنہ جوابات کے کارڈ ہوں۔ یہ پلاسٹک کی تھیلیاں بچوں کو دے دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ تھیلیاں کھول کر ان میں سے جملوں کی پرچیاں اور ممکنہ جوابات کے کارڈ نکالیں۔ پھر سبق کے مطابق درست جواب کی نشان دہی دائرہ لگا کر کریں۔ ہر گروہ کو مخصوص وقت دیں۔

- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب پر کسی دوسرے گروہ کو بتانے کا موقع دیں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی باقی جملوں پر دوسرے گروہوں کے لیڈروں سے بھی کروائیں۔

**اعادہ:**(3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:**(5منٹ) اب بورڈ پر دو کالم بنائیں۔ ایک کالم میں "الفاظ"، دوسرے میں "معانی" کی سرخی لکھیں۔ الفاظ والے کالم میں خاص الفاظ کے تحت دیے گئے لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو بلا کر ان سے الفاظ کے معانی لکھوائیں۔

**گھر کا کام:**(2منٹ) ورک شیٹ حل کریں۔

## ورک شیٹ (ہوم ورک)

دیے گئے الفاظ کے معانی بتائیں۔

| الفاظ | معانی | الفاظ | معانی |
|---|---|---|---|
| علامت | | بسر کرنا | |
| مُمتاز | | اُصول | |
| خصوصیّت | | مُفید | |
| مُنفرِد | | معلُومات | |

سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

۱۔ دادی جان بچوں کے کمرے میں کیا کرنے آئی تھیں؟

جواب: ____________________

۲۔ قومی شناخت سے کیا مراد ہے؟

جواب: ____________________

۳۔ ہمارے ملک کا نام اسلامی جمہوریہ پاکستان کیوں رکھا گیا؟

جواب: ____________________

۴۔ پاکستان کے جھنڈے کا سبز اور سفید رنگ کس چیز کی نمائندگی کرتا ہے؟

جواب: ____________________

۵۔ پاکستان کی چند ایسی عمارات کے نام لکھیں جو پاکستان کی قومی شناخت ہیں۔

جواب: ____________________

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:3 | سبق کا نام: قومی شناخت | |

**مقاصد:** سبق کے اہم نکات اپنے الفاظ میں بیان کر سکیں۔
دیئے گئے معمے میں سے الفاظ تلاش کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، گھنٹی، سادہ شیٹیں، آڈیو، ویڈیو

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔
- اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق "قومی شناخت" کی مشق کے سوال نمبر 1 میں دیے ہوئے سوالات میں سے کسی سوال کا جواب پوچھیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔
- اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:**(25منٹ)

- اب جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کر دیں اور ہر گروہ کو ایک مخصوص نام دیں۔
- اس مقصد کے پیشِ نظر بچوں کی تعداد کے مطابق الفاظ بادل اور دھنک پر مبنی پرچیاں بنائیں اور بند کر کے ایک ٹوکری میں ڈال دیں۔ باری باری جماعت کے تمام بچوں کو ایک ایک پرچی اُٹھانے کے لیے کہیں۔ جس بچے کے ہاتھ میں جو پرچی آئے اور اس پر جو لفظ لکھا ہو، وہ اس گروہ کا رکن بنتا جائے گا۔
- بچوں کو متعلقہ گروہوں میں ایک ساتھ بٹھا دیں۔ بچوں کو ایک بار سبق "قومی شناخت" کا مطالعہ کرنے کے لیے کہیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ آپ انھیں سبق "قومی شناخت" سنائیں گے / گی۔ انھوں نے سبق غور سے سننا ہے اور پھر اس کے اہم نکات سنانے ہیں۔ بچوں کو سبق "قومی شناخت" سنائیں۔

- بچوں سے کہیں کہ سبق " قومی شناخت " سننے کے بعد ان کے ذہن میں جو جو اہم نکات آئے ہیں، انھیں اپنے ساتھ والی نشست پر بیٹھے ہوئے ساتھی کو بتائیں اور اس کے اہم نکات بھی اس سے سنیں۔
- اب جوڑیوں کی صورت میں بچے اپنے اپنے اہم نکات جماعت کے ساتھیوں کو سنائیں۔ اس دوران میں استاد بچوں کے بتائے ہوئے اہم نکات کو بورڈ پر نوٹ کرتے جائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- اب بورڈ پر لکھیں: " پاکستان کی مشہور عمارات "
- بچوں سے کہیں کہ آپس میں بات چیت کریں اور پاکستان کی مشہور عمارات کے بارے میں اپنے ساتھیوں کو بتائیں۔
- اب بچوں سے اپنی کتابیں بند کرنے کو کہیں۔ اب ہر گروہ کو سوال نمبر 6 میں دیے گئے الفاظ پر مشتمل کاغذ کی مختلف رنگوں کی چِٹیں ( Strips) دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ چِٹوں (Strips ) پر لکھا ہوا لفظ پڑھیں۔ اس کے بعد پرچیوں پر بنے ہوئے معمے میں سے متعلقہ الفاظ تلاش کریں۔ اس کے لیے انھیں چند منٹ کا وقت دیں۔
- اب بچوں سے کہیں کہ وہ کتاب پر دیا ہوا سوال نمبر 6 بورڈ سے دیکھ کر حل کریں۔ اس دوران میں کمرہ جماعت میں گھوم پھر کر ان کے کام کا جائزہ لیں اور جہاں ضروری ہو ان کی رہنمائی کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) سوال نمبر 6 میں دیے ہوئے الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ مختلف بچوں کو باری باری بلا کر ان سے معمے سے تلاش کروائیں۔ غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کروایا گیا کام دہرا کر آئیں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:4 | سبق کا نام: قومی شناخت | |

**مقاصد:** لغت میں الف بائی ترتیب سے معانی تلاش کر سکیں۔

ضمیرِ مفعولی پہچان کر اس کا درست استعمال کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** تختۂ تحریر، بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اردو چہارم"، حروف تہجی کے کارڈ، دو لغات، الفاظ پر مشتمل شیٹیں جن کے سامنے ان کے معانی لکھنے کی جگہ ہو اور نیچے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھنے کی جگہ بھی ہو، ورک شیٹ

## تحریکی سرگرمی: (5 منٹ)

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بورڈ پر آٹھ سے دس حروفِ تہجی کے چارٹ کے بنے ہوئے کارڈ بے ترتیبی سے لگا دیں۔
- بچوں سے سوال کریں کہ کیا ان حروف کی ترتیب حروف تہجی کے اعتبار سے درست ہے؟ ہاتھ بلند کروا کے بچوں سے جواب لیں۔
- کسی بچے سے کہیں کہ وہ بلند آواز میں حروف تہجی کو سنائے اور اسی دوران میں کوئی دوسرا بچہ ان تمام حروفِ تہجی کو استاد کی مدد سے بورڈ پر ترتیب دے۔
- سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔

## تدریسی طریقہ کار: (25 منٹ)

- بچوں کو بتائیں کہ حروف یا الفاظ کو ترتیب سے لکھنا یا پڑھنا اور ترتیب دینا الف بائی ترتیب کہلاتا ہے۔
- بچوں کو بتائیں کہ آج ہم الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھنا سیکھیں گے۔ بورڈ پر چند الفاظ لکھیں جیسے: ارحم، ہجر، غفلت، چاہت، سطور، سطوت، اڑیل، اغلب۔
- اب بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ کو خود الف بائی ترتیب کے مطابق نمبر لگائیں۔
- بچوں کو مزید بتائیں کہ اگر دو الفاظ ایک ہی حرف سے شروع ہوتے ہوں تو اس لفظ کے دوسرے حرف کو دیکھیں، پھر اس کے مطابق الفاظ کو الف بائی ترتیب دی جائے۔ جیسے لفظ "ارحم" اور "اغلب" دونوں حرف "ا" سے شروع ہوتے ہیں۔ اب اس کے لیے ضروری ہے کہ حرف "ا" کے بعد دوسرا حرف دیکھا جائے کہ الف بائی ترتیب میں کس کا نمبر پہلے آتا ہے۔ لفظ "ارحم" میں حرف "ا" کے بعد حرف "ر" ہے اور لفظ "اغلب" میں حرف "ا" کے بعد حرف "غ" موجود ہے جو حرف "ر" کے بعد آتا ہے۔ لہٰذا الف بائی ترتیب کے مطابق لفظ "ارحم" پہلے اور لفظ "اغلب" بعد میں لکھا جائے گا۔

- مزید دو الفاظ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی الف بائی ترتیب کے بارے میں دریافت کریں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- بچوں کو لغت دکھائیں اور انھیں بتائیں کہ لغت میں بھی تمام الفاظ الف بائی ترتیب سے درج ہوتے ہیں۔ جماعت کے بچوں کے دو گروہ بنا دیں اور انھیں دو لغات اور سوال نمبر 8 میں دیے گئے الفاظ پر مشتمل شیٹیں دیں، جن کے سامنے ان کے معانی لکھنے کی جگہ ہو اور نیچے الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھنے کی جگہ بھی ہو۔ ایک گروہ کے حصے میں چار الفاظ آئیں گے۔
- بچوں سے کہیں کہ وہ لغت میں سے دیکھ کر ان الفاظ کے معانی شیٹ پر ان کے سامنے لکھیں اور پھر ان الفاظ کو الف بائی ترتیب سے نیچے دی گئی جگہ میں لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد دونوں گروہوں میں سے ایک ایک بچے کو شیٹ سمیت بلا کر ان سے کہیں کہ وہ اپنی شیٹیں بورڈ پر چسپاں کر کے ان پر لکھے ہوئے الفاظ، ان کے معانی اور ان کی الف بائی ترتیب پڑھ کر سنائیں۔ جس گروہ نے درست معانی تلاش کیے ہوں گے اور الفاظ کو الف بائی ترتیب سے لکھا ہو گا، ان کی حوصلہ افزائی کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج ہم اسم ضمیر کی ایک حالت ضمیر مفعولی کے بارے میں پڑھیں گے۔
- بورڈ پر لکھیں: ☆ میں نے سلیم کو دیکھا اور اسے آواز دی۔ ☆ استاد صاحب نے ہمیں سبق پڑھایا۔
- اوپر دیئے گئے جملوں میں اُسے، ہمیں ایسے ضمیر ہیں جو مفعول کی جگہ استعمال ہوتے ہیں، اس لیے ضمیر مفعولی کہلاتے ہیں۔
- سوال نمبر 9 کے تحت دیئے گئے جملے بورڈ پر لکھیں اور بچوں سے کہیں ان میں ضمیر مفعولی کی نشان دہی کریں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**اعادہ:** (3منٹ) پڑھائے گئے سبق کا اعادہ کروائیں اور غلطی کی صورت میں اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (5منٹ) جماعت کے بچوں کے تین گروہ بنا دیں۔ ہر گروہ کو ایک ایک شیٹ دے دیں۔ ہر شیٹ پر ایک مخصوص عنوان درج ہو۔ جیسے: پھل، جانور اور اسکول۔ بچوں سے کہیں کہ وہ عنوان کے مطابق اپنی شیٹ پر پانچ پانچ چیزوں کے نام لکھیں۔ ہر چیز کا نام ایک مختلف حرف سے شروع ہونا چاہیے یعنی ایک حرف سے ایک شیٹ پر صرف ایک چیز کا نام ہو۔ بچے جب اس بات کو سمجھ لیں تو انھیں کام کرنے کے لیے ایک مخصوص وقت دیں۔ مقررہ وقت کے بعد استاد وہ شیٹیں ان گروہوں سے لے کر گروہوں کے درمیان ادل بدل کر کے بانٹ دیں۔ استاد بچوں سے ان شیٹوں پر لکھے ہوئے ناموں کو الف بائی ترتیب کے مطابق لکھنے کے لیے کہیں۔ سرگرمی کے اختتام پر تمام بچوں کو شاباش دیں۔

**گھر کا کام:** (2منٹ) پڑھائے گئے سبق کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:5 | سبق کا نام: قومی شناخت | |

**مقاصد:** دیئے گئے موضوع پر جملے لکھ سکیں۔

کسی مقام یا سفر وغیرہ کی جزئیات بیان کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، تختہ تحریر، کتاب "اُردو چہارم"، سادہ شیٹیں

**تحریکی سرگرمی:** (5منٹ)

- کمرا جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کے مختلف گروہ بنا دیں اور ہر گروہ میں سے دو دو بچوں کو بلا لیں۔
- اب بچوں کے ساتھ میوزیکل چیئر والی گیم کھیلیں۔ جماعت میں ایک طرف چند کرسیاں دائرے میں رکھ دیں اور بچوں کو ان کے پاس کھڑا ہونے کی ہدایت دیں۔ بچوں کی نسبت ایک کرسی کم ہو۔ اب گھنٹی بجانا شروع کریں اور بچوں کو کرسیوں کے ارد گرد گھومنے کے لیے کہیں۔ اچانک گھنٹی بجانا بند کر دیں۔ آواز بند ہوتے ہی بچے تیزی سے کرسیوں پر بیٹھیں گے۔ جو بچہ کھڑا رہ جائے، اس سے سبق سے متعلق کسی سوال کا جواب پوچھیں۔
- درست جواب پر حوصلہ افزائی کریں اور غلطی کی صورت میں اس بچے کے گروہ کے کسی اور بچے کو بتانے کا موقع دیں۔ اس کے ساتھ ہی پھر ایک کرسی کم کر دیں اور کھیل دوبارہ شروع کریں۔ اس طرح سے یہ سرگرمی اس وقت تک کریں، جب تک آخر میں ایک کرسی اور ایک بچہ نہ رہ جائے۔ جیتنے والے بچے کے گروہ کو کوئی انعام دیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- اب بچوں سے مختلف سوالات پوچھیں۔ جیسے:
- پاکستان کا خواب کس نے دیکھا؟
- ہمارے قومی شاعر کا نام کیا ہے؟ وغیرہ
- اب بورڈ پر لکھیں: "پاکستان کی پہچان علّامہ محمد اقبالؒ کے بارے میں دس جملے اپنی کاپی میں لکھیں۔"
- بچوں کے جوابات لیں۔ تمام بچوں کو اظہار خیال کا موقع دیں۔ اس دوران میں مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھتے جائیں۔
- جو بچے ایک ہی طریقے سے جملے بول رہے ہوں، ان کی ایک ہی جوڑی یا گروہ بنا دیں۔

- اب انھیں سادہ شیٹیں دیں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ علامہ اقبالؒ کے بارے میں دس جملے شیٹوں پر لکھیں۔ اس کے لیے انھیں مخصوص وقت دیں۔
- اس دوران میں جہاں بچوں کو کوئی مشکل پیش آئے، ان کی رہنمائی کریں۔ بچوں سے کہیں کہ وہ بورڈ پر لکھے ہوئے الفاظ سے بھی مدد لے سکتے ہیں۔ لکھائی کی صفائی اور املا کی درستی کے بارے میں بچوں کو واضح ہدایات دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد کسی ایک گروہ یا جوڑی کے بچوں کو بلائیں اور انھیں اپنا لکھا ہوا جواب سنانے کے لیے کہیں۔ درست جواب پر حوصلہ افزائی اور غلط پر اصلاح کریں۔ مشکل الفاظ ساتھ ساتھ بورڈ پر لکھ کر بچوں سے ان کی خواندگی بھی کرواتے جائیں۔ اسی طرح سے یہ سرگرمی باقی جوڑیوں یا گروہوں سے کروائیں۔ سرگرمی کے اختتام پر بچوں کو شاباش دیں۔
- سوال نمبر 12 کی سرگرمی کروانے کے لیے بچوں سے بات چیت کریں کہ انہوں نے پاکستان کی عمارتوں میں سے کس کس عمارت کی سیر کی ہے؟ اس سیر کی جزئیات تفصیل سے اپنے دوستوں کو بتائیں۔

**اعادہ:** (3 منٹ) پڑھائے گئے تصور کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** (5 منٹ) علامہ محمد اقبالؒ کے بارے میں کوئی سے پانچ جملے لکھوائیں۔

**گھر کا کام:** (2 منٹ) جماعت کے کام کی دہرائی کریں۔

# سبقی منصوبہ بندی

| | | |
|---|---|---|
| سیکنڈ ٹرم: یونٹ:1 | جماعت: چہارم | مضمون: اُردو |
| ہفتہ:2 | وقت:40 | تاریخ: |
| پیریڈ:6 | سبق کا نام: جائزہ2 | |

**مقاصد:** سکھائی گئی مہارتوں کا جائزہ لے سکیں۔

**تدریسی معاونات:** بورڈ مارکر / چاک، کڈز اُردو جماعت چہارم کی کتاب

**تحریکی سرگرمی (5منٹ)**

- کمرہ جماعت میں مسکراتے ہوئے داخل ہو کر السّلام علیکم کہیں۔ بچوں سے سلام کا جواب لیں اور ان کی خیریت دریافت کریں۔
- بچوں کو بتائیں آج کا پیریڈ جائزے کے لیے مخصوص ہے۔
- بچوں کو پہلے دیے گئے تمام تصورات کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**تدریسی طریقہ کار:** (25منٹ)

- بچوں سے کتاب کا صفحہ نمبر 49 کھلوائیں۔
- سرگرمی کے سوال نمبر 1 میں دی گئی عبارت کی پڑھائی کروائیں اور اس کے اہم نکات سنیں۔۔
- اس کے بعد بچوں کو دائروں میں بٹھائیں اور ان سے حضرت علیؓ کی بہادری کا کوئی واقعہ سنانے کے لیے کہیں۔
- بچوں سے نظم "بہار کے دِن" درست تلفظ اور روانی سے پڑھوائیں۔
- سوال نمبر 5 میں دیے گئے الفاظ کو جملوں میں استعمال کریں کہ ان کی تذکیر و تانیث واضح ہو جائے۔
- سوال نمبر 6 میں دیئے گئے محاورات کو جملوں میں استعمال کریں۔
- سوال نمبر 7 میں دی گئی درخواست لکھوائیں۔ اس کام کے لیے انھیں وقت دیں۔
- مقررہ وقت کے بعد متفرق بچوں کو جماعت کے سامنے بلائیں اور اپنے لکھے جملے سنانے کے لیے کہیں۔
- تمام سرگرمیاں مکمل کروانے کے بعد بچوں کو شاباش دیں اور ان کے تالیاں بجوائیں۔

**اعادہ:** (3منٹ) بچوں کے تمام کام کو چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

**جائزہ:** (0منٹ) N/A

**گھر کا کام:** (2منٹ) جماعت میں کیے گئے کام کی دہرائی کرنی ہے۔